اگلے ستمبر سرکاری سکول یا امدادشدہ سکول میں پرائمری ون میں تعلیم حاصل کرنے کا ارادہ ہو۔

شمولیت کی اہلیت کے لیے طالب علم کے لیے ضروری ہے۔

- جب اسے ستمبر میں پرائمری ون میں داخلہ کیا جائے تو اس کی عمر لازمی طور پر 5 سال اور 8 ماہ ہونی چاہیے۔
- وہ ہانگ کانگ کا رہائشی ہو۔
- کسی پرائمری سکول میں داخل نہ ہو۔ اور
- اسے کبھی بھی پرائمری ون پلیس الاٹ نہ کی گئی ہو۔

پرائمری ون ایڈیشن سسٹم میں شمولیت اختیار کریں۔

پرائمری ون ایڈیشن سسٹم کے تحت داخلے کے انتظامات:۔

برائے داخلہ پرائمری ون نئے تعلیمی سال سے جو ستمبر سے شروع ہو رہا ہے۔

جس کنڈرگارٹن یا کنڈرگارٹن وچائلڈ کیئر سنٹر میں بچہ جاتا رہا ہے وہاں سے ضلعی دفاتر (پبلک انکوائری سروس سنٹر) ہوم افیئر ڈیپارٹمنٹ یا سکول پلیس ایلوکیشن سیکشن سے یا ای ڈی بی کے علاقائی ایجوکیشن دفاتر سے درخواست فارم حاصل کریں۔

جو اپنی پسند کے مطابق اپلائی کرنا چاہتے ہیں۔

اختیاری جگہ کیلئے درخواست

- براہ راست سکول میں درخواست فارم جمع کرائیں جو کہ عام طور پر ستمبر کے آخر یا اکتوبر کے شروع میں جمع ہوتے ہیں۔
- صرف ایک پرائمری سکول میں درخواست فارم جمع کرائیں (درخواست میں سکول کے نظام کی پابندی نہیں ہے۔ والدین ایسے سکول کا انتخاب کر سکتے ہیں جو غیر چینی زبان بولنے والی طلباء کیلئے مخصوص سکول کی بنیاد پر امدادی پروگرام مہیا کرتے ہیں یا دیگر سکولوں کا)
- تمام درخواست گزار طلباء جن کے بہن بھائی اسی سکول میں زیر تعلیم ہیں یا جن کے والدین اسی سکول میں کام کرتے ہیں انہیں داخل کرلیا جائیگا۔ دیگر درخواست گزاروں کو پوائنٹ سسٹم کے تحت چنا جائے گا۔

عام طور پر اپنی پسند کی جگہ داخلہ لینے کے رزلٹ ہر نومبر میں بتائے جاتے ہیں۔

کامیاب درخواستوں کی سکولوں کے ساتھ رجسٹریشن

ناکامیاب درخواستوں کی سنٹرل ایلوکیشن سطح میں شمولیت

جو اپنی پسند کی جگہ اپلائی نہ کرنا چاہتے ہوں یا ایسی درخواست دینے کی آخری تاریخ گزار چکے ہوں۔

ای ڈی بی کے سکول پلیس ایلوکیشن سیکشن میں درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔

ایڈریس:۔ 2/ ایف لوئی کی ایجوکیشن سروس سنٹر 269۔ کوئینز روڈ ایسٹ، وان چائی ہانگ کانگ۔

اپنی پسند کی جگہ کے لیے اپلائی کریں۔

سنٹرل ایلوکیشن سطح پر شرکت

والدین اگلی جنوری کی مخصوص تاریخوں میں سکول کا چناؤ کریں۔

- ہر سکول کی جگہ کا 10 فیصد جو کہ سنٹرل ایلوکیشن کے تحت ہوتا ہے وہ غیر ممنوعہ سکول چناؤ کے لیے ہوتا ہے۔ والدین کسی بھی نظام میں تین سکولوں تک کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- بقایا 90 فیصد ممنوعہ سکول چناؤ ہیں۔ والدین اپنے نظام میں دستیاب پرائمری سکول کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

اگر والدین نے درخواست فارم پر نشاندہی کی ہو کہ ان کے بچے چینی زبان کو بطور سیکھنے کا ذریعہ استعمال نہیں کر سکتے وہ کسی بھی نظام میں ان سکولوں کا انتخاب کر سکتے ہیں جو خاص طور پر غیر چینی زبان بولنے والے بچوں کے لیے سکول کی بنیاد پر امدادی پروگرام مہیا کرتے ہیں۔

- سنٹرل ایلوکیشن کے رزلٹ عموماً ہر سال شروع جون میں سنائے جاتے ہیں۔
- والدین کو مقررہ تاریخ پر رزلٹ لینے کے لیے "پرائمری ون رجسٹریشن فارم کے لیے" مخصوص سنٹرل ایلوکیشن سنٹر پر رابطہ کرنا چاہیے اور مقررہ تاریخوں تک بچوں کو الاٹ شدہ سکولوں میں رجسٹرڈ کرانا چاہیے۔

پرائمری ون میں داخلے کے دیگر انتظامات:

ان والدین کے لیے جنہوں اپنی پسند کی جگہ پر یا سنٹرل ایلوکیشن مرحلے پر شرکت کرنے کے لیے بروقت درخواست نہیں دی لیکن وہ چاہتے ہیں کہ ان کے بچے نئے تعلیمی سال میں (جو عموماً کیم ستمبر سے شروع ہوتا ہے) پرائمری ون میں تعلیم حاصل کریں انہیں اپنے بچے کے شناختی کاغذات اور رہائشی پتہ کا ثبوت (دونوں

اصل اور بمعہ فوٹو کاپی لے کر) ای ڈی بی کے سکول ایلوکیشن سیکشن تشریف لائیں تا کہ پرائمری ون جگہ کا انتظام کرنے کے لیے درخواست گزاری جاسکے۔

ان طلباء کے لیے جو تعلیمی سال شروع ہونے پر (جو عموماً کیم ستمبر کو شروع ہوتا ہے) پرائمری ون میں داخلے کے خواہش مند ہیں۔ والدین کو اپنے بچے کے ساتھ دونوں دستاویزات (اصل اور فوٹو کاپی) لے کر قریبی ریجنل ایجوکیشن آفس برائے معاونت جگہ لے کر آنا چاہیے۔

- بچے کے شناختی کاغذات
- رہائشی پتے کا ثبوت

ریجنل ایجوکیشن دفتر کے پتہ جات اور ٹیلی فون نمبروں کے لیے صفحہ نمبر 14 ملاحظہ کریں۔

ڈائریکٹ سبسڈی حاصل کرنے والے پرائمری سکول پرائیویٹ پرائمری سکول، انگلش سکولز فاؤنڈیشن کے تحت چلنے والے پرائمری سکول، پرائمری ون ایڈمیشن سسٹم سے مستثنیٰ ہیں۔ ان سکولوں کے اپنے طریقہ کار، ٹائم ٹیبل اور داخلے کے انتظامی معاملات ہیں جو والدین ان سکولوں میں اپنے بچوں کو داخل کروانا چاہتے ہوں انہیں براہ راست معلومات اور درخواست دینے کے لیے سکول سے رابطہ کرنا چاہیے۔

معلومات:

جو والدین مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ ای ڈی بی کے سکول پلس ایلوکیشن سیکشن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ایڈریس: Office 2, 2/F, Manulife Financial Centre, 223 Wai Yip Street, Kwun Tong, Kowloon

ٹیلی فون: 2832 7700 / 2832 7740

ویب سائٹ:

http://www.edb.gov.hk/en/edu-system/primary-secondary/spa-systems/primary-1-admission/index.html